مدحِ رسُول صلی اللہ علیہ وسلم

مرتب : راجا رشید احمد محمود ناشر : پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

ملنے کا پتہ : سیلز ڈپو پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، احاطہ میلا رام مل۔ عقب روزنامہ مساوات لاہور

صفحات : ۱۹۸ ۔ سائز $\frac{۱۸\times۲۲}{۸}$ ۔ قیمت : دو روپے پینتالیس پیسے ۔

پیش نظر کتاب، اپنے موضوع سے متعلق نہایت عمدہ کتاب ہے ۔ یہ ایک گلدستہ مدح رسول ہے جس میں برصغیر پاک و ہند کے (مرحومین و موجودین میں سے) اونچے درجے کے شعرائے کرام کی بہترین اور پاکیزہ نعتیں جمع کی گئی ہیں ۔ یہ اپنی نوعیت کی پہلی کوشش ہے اور پہلی کتاب ہے، جو مدح رسولِ اکرمؐ میں مختلف شعرائے کرام کے عمدہ ترین کلام پر مشتمل ہے اور جو اشعار کے دل نواز مجموعے کی شکل میں پیش کی گئی ہے ۔ کتاب اس لائق ہے کہ نعت خوان حضرات، اس سے اپنی پسندیدہ نعتوں کا انتخاب کریں۔ ریڈیو اور ٹیلیویژن کے نعتیہ پروگراموں میں اس سے استفادہ کیا جائے، عام جلسوں میں نعت خوانی کے لیے اس کو سامنے رکھا جائے، گھروں میں بچوں کے مطالعہ میں لایا جائے اور انھیں اس میں مندرج نعتیں یاد کرائی جائیں۔ ٹیکسٹ بک بورڈ کو بھی چاہیے کہ مختلف نصابی کتب میں یہ نعتیں درج کرائے تاکہ مدحِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے باب میں بہتر مواد بچوں کے علم میں آسکے ۔

کاغذ، کتابت، طباعت، سرورق وغیرہ دیدہ زیب اور اس کے مقابلے میں قیمت بہت ہی کم — !

اقبال کے صنائع بدائع

مصنف : پروفیسر نذیر احمد، پرنسپل گورنمنٹ کالج ۔ علی پور ۔

ناشر : آئینۂ ادب ۔ چوک مینار ۔ انار کلی ۔ لاہور ۔ قیمت : ۳/۷۵ روپے

علامہ اقبال بیک وقت کئی حیثیتوں کے حامل تھے ۔ وہ فلسفی بھی تھے اور مفکر بھی۔ مصلح بھی تھے اور ترجمانِ حقیقت بھی ۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ وہ بہت بڑے شاعر بھی تھے اور شعر ہی کو انھوں نے اپنے احساساتِ قلبی، وارداتِ ذہنی کے اظہار کا ذریعہ قرار دیا ۔ اقبال کے فکر و فن اور ان کی مختلف علمی حیثیتوں کے بارے میں بے شمار کتابیں لکھی گئیں لیکن زیر نظر کتاب "اقبال کے صنائع بدائع" ۔ ان سب سے مختلف ہے اور ان کے فنِ شاعری کے ایک اور پہلو کی وضاحت کرتی ہے اور اقبال سے متعلق اپنے موضوع میں یہ پہلی کتاب ہے ۔ کہنا چاہیے کہ اقبال کے سلسلے میں اب تک جو مواد سامنے آیا ہے یہ کتاب اس میں ایک مفید اضافہ